صوبائی اسمبلی صوبہ خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 19 مئی 2015ء بمطابق 29 رجب 1436 ہجری بعد از دوپہر دو بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

قَدْ أَفْلَحَ مَن تَزَكّٰىO وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِۦ فَصَلّٰىO بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَاO وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَأَبْقٰىO إِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ الْأُولٰىO صُحُفِ إِبْرٰهِيمَ وَمُوسٰى۔

(ترجمہ): اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا۔ مگر تم لوگ تو دنیا کی زندگی کو اختیار کرتے ہو۔ حالانکہ آخرت بہت بہتر اور پائندہ تر ہے۔ یہ بات پہلے صحیفوں میں (مرقوم) ہے۔ (یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں۔ وآخِرُ الدَعوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاک اللہ۔جی گوہر نواز صاحب، گوہر نواز خان۔

جناب گوہر نواز خان: جناب سپیکر! آپ کا شکریہ لیکن ابھی اسمبلی کے اندر میرے خیال میں کورم پورا نہیں ہے تو اس پر آپ اگر رائے شماری کرائیں تو میرے خیال میں پانچ ممبر ہیں، میری یہ آپ سے گزارش ہے کہ تمام ممبران اسمبلی کو سختی کے ساتھ اگر آپ اس بات کا پابند کریں کہ ٹائم جو آپ دیتے ہیں اتنا، دو دن پہلے سے آپ کی اطلاع ہو جاتی ہے لیکن پھر بھی ممبران اسمبلی اس ٹائمنگ کا خیال نہیں کرتے، تو اس پر آپ ضرور ان کو ایک دفعہ وارننگ دے دیں تاکہ آئندہ کیلئے ایسی صورتحال پیدا نہ ہو۔پہلے تو میں اکیلا تھا، ابھی تو پھر چار پانچ چھ ہو گئے ہیں لیکن اگر یہی صورتحال رہی تو میرے خیال میں جو دور دراز سے ایم پی ایز ہمارے آتے ہیں یہاں پر اسمبلی میں تو کورم پورا نہ ہونے کی وجہ سے اکثر۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ گھنٹیاں بجائی جائیں، دو منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

جناب گوہر نواز خان: تھینک یو، بہت شکریہ۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب سپیکر: دو منٹ کیلئے کاؤنٹ کر لیں۔

(اس مرحلہ پر آٹھ اراکین اسمبلی ایوان میں موجود تھے)

جناب سپیکر: ایک تو میں تمام ایم پی ایز صاحبان سے یہ ریکویسٹ کرونگا کہ آئندہ اپنی حاضری کو یقینی بنائیں اور سیکرٹریٹ سے کہوں گا کہ اس کو آئندہ اجلاس کے لئے باقاعدہ Proper Information دیں کہ وہ حاضری کو یقینی بنائیں۔اجلاس کو مورخہ 22-5-2015 بروز جمعہ سہ پہر دو بجے تک کیلئے ملتوی کرتا ہوں۔

(اجلاس بروز جمعة المبارک مورخہ 22 مئی 2015ء بعد از دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)